اداریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

''وسطی ایشیا کے مسلمان'' کا تازہ شمارہ کافی عرصے کی تاخیر کے بعد شائع ہو رہا ہے، جس کے لیے ہم معذرت خواہ ہیں۔ اس تاخیر کی ایک وجہ کچھ عرصہ تک مدیر کا مکمل صاحب فراش رہنا بھی ہے۔ یہ شمارہ گزشتہ شمارے کی عدم اشاعت کے پیش نظر تقریباً دوگنا صفحات پر مشتمل ہے۔ اس طرح امید ہے اس تاخیر کی تلافی کسی حد تک ہو جائے گی۔

تازہ شمارہ، یورپ کے سنگم پر واقع، رقبہ کے لحاظ سے عالم اسلام کی سب سے بڑی ریاست، قازقستان پر ایک طویل مقالے پر مشتمل ہے۔ اسے قازقستان پر مقالات کے سلسلے کا پہلا مقالہ تصور کیا جائے۔ انشاء اللہ نو آزاد قازقستان کو درپیش مشکلات، اور تاریخی تناظر کے ساتھ ساتھ حالیہ سیاسی، معاشی، معاشرتی حالات اور مستقبل کے امکانات کا بھرپور احاطہ کرنے کی بھی کوشش کی جائے گی۔ اگر ہماری یہ کوشش تشنگان علم کی پیاس بجھانے میں ذرا بھی ممد ثابت ہوئی تو ہم سمجھیں گے کہ ہماری محنت ٹھکانے لگی۔

اس موضوع (وسطی ایشیا) سے دلچسپی رکھنے والے خواتین و حضرات کا علمی و قلمی تعاون یقیناً رسالے کے معیار میں اضافے اور موضوعات میں تنوع کا باعث ہو گا۔ مستقبل میں ہم اصحاب علم سے ایسے بھرپور تعاون کی امید رکھتے ہیں۔ آپ اپنی تحریریں مدیر کے نام ارسال کر سکتے ہیں۔ ہمیں آپ کی جانب سے تجاویز، آراء اور رسالہ کی بہتری کے لیے قیمتی مشوروں کا بھی انتظار رہے گا۔